Jahazi Bhai / جہازی بھائی By Raza Ali Abidi

Jahazi Bhai / جہازی بھائی bookkeeping



Raza Ali Abidi (Urdu: رضا علی عابدی) is a Pakistani journalist and broadcaster who is best known for his radio documentaries on the Grand Trunk Road and the Indus River. **History jahazi bhai / جہازی بھائین** Jahazi Bhai / جہازی بھائیشاید رضا علی عابدی کے نام کے حوالے سے میں نے کچھ زیادہ امیدیں لگا رکھیں تھیں اس لیے پہلی بار پڑھنے پر اس کتاب نے مایوس کیا۔ تبصرہ لکھنے کے لئے دوسری مرتبہ سرسری نظر دوڑائی تو کچھ دلچسپی جاگی اور پوری کتاب ایک ہی نشست میں دوبارہ پڑھ لی۔ پہلی مرتبہ پڑھنے پر جو کتاب بے ربط محسوس ہوئی، اُس میں ربط نظر آیا۔ ۔ ۔ زبان جو سپاٹ لگی تھی، اُس میں سادگی کا مزہ آیا۔ ۔ ۔ اور حقائق کی تکرار جو پہلی بار میں اُلجھن کا باعث بنی تھی، وہ موضوع کی مناسبت سے ضروری محسوس ہوئی۔بنیادی طور پر جہازی بھائی کا سفرناموں میں ہی شمار ہو سکتا ہے مگر اس کتاب میں روایتی سفرناموں کے برعکس، واقعات کی ترتیب زمانی نہیں بلکہ موضوعاتی ہے۔ مثلاً کتاب کا آغاز ماریچ (ماریشس کو ہندوستانی مزدوروں کا دیا ہوا نام) کی تاریخ سے ہوتا ہے۔ پھر جزیرے میں ہندوستانی مزدوروں کی جبراً آمد اور اُن پر ظلم و استبداد کے واقعات کا ذکر ہے۔ ۔ ۔ اس کے بعد کہیں لندن سے ماریشس تک کے ہوائی سفر کی روداد ہے۔ بعد ازاں شب و روز کا احوال رقم کرنے کی بجائے غالب سیمینار کی تقریب (جس کے لئے عابدی صاحب کو مدعو کیا گیا تھا) کے مشاہدات، اُردو زبان کی ترویج کے حوالے سے سرگرم ادارے و محسنین کا تعارف، پاکستان سے متعلق ہر چیز سے پاکستانی سفارت کی روایتی لاتعلقی کا نوحہ، جزیرے کی سیر کی بڑی مختصر کہانی، ایک امام مسجد سے اسلام و مسلمان کے حالات حاضرہ پر ایک نشست اور ماضی و حال کے ماریشس میں جھانکنے کے لئے کئی بزرگوں سے ملاقات کی داستانوں پر ایک ایک باب۔ ۔ ۔ غرض بھانت بھانت کے موضوعات کتاب کو کبھی کوئی رنگ دیتے ہیں، کبھی کوئی۔ شاید یہی وجہ ہے جو دیباچے میں بھی یہ سوال اٹھایا گیا ہے کہ پڑھیئے اور فیصلہ کیجئے کہ یہ سفرنامہ ہے یا نہیں۔کتاب پڑھ کر ماریشس کی جو تصویر بنتی ہے وہ یہ ہے کہ یہ برصغیر کا ہی ایک نسبتاً جدید حصہ ہے جہاں ہندوستانی ہی بستے ہیں جو کہ میرے خیال میں اتنا صحیح تاثر نہیں کہ ماریشس میں دیگر اقوام بھی بستی ہیں مگر شاید یہ عابدی صاحب کی مٹی سے محبت ہے جو انہیں ہزاروں میل دُور بھی ہندوستان پاکستان اور اُردو کے سوا کچھ قابلِ ذکر نہیں لگا۔ ۔ ۔ جو بھی ہو، فی الحال کتاب کے چند جملے جو پسند آئے، وہ آپ کی نذر۔ ۔ ۔ اس رجسٹر نے آنکھیں کھول دیں۔ ہندوستان میں ذات پات کے تصور کی جیسی تصویر میں نے اس روز دیکھی پہلے کبھی نہ دیکھی تھی۔ ہر صفحے پر بائیس مزدوروں کا اندراج ہوتا تھا جن میں تین یا چار مسلمان ہوتے تھے۔ مسلمان مزدور کی ذات کے خانے میں صرف ایک لفظ ہوتا تھا: مسلمان۔ماریشس والوں کو اس بات کا بڑی شدت سے احساس ہے کہ ان کی اُردو دہلی، لکھنئو اور حیدرآباد کی اُردو جیسی نہیں۔ اب انہیں کون سمجھائے کہ جس زبان میں مقامی رنگ سمونے کی لچک نہ ہو وہ سوکھی شاخ کی طرح تڑاخ سے ٹوٹ جاتی ہے۔ ہم ماریشس والے ارتقا کے عمل سے گزر رہے ہیں مگر تیاری کے بغیر۔ ہم روایت بھی ترک کر رہے ہیں مگر خود کو تبدیل بھی نہیں کرنا چاہتے لٰہذا ہم

9789693506778 ۔ذہنی انتشار کا شکار ہیں ۔ ۔ ۔ آخرالذکر بات کتنی اپنی سی لگتی ہے.

Jahazi Bhai / جہازی بھائی travelist

.

. **Jahazi Bhai / جہازی بھائی travel trailer** His published works include several collections of cultural essays and short stories. **Jahazi Bhai / جہازی بھائی travel trailer** He has worked with the BBC Urdu Service and retired in 1996